A–12–C

Total No. of Questions : 13]

[Total No. of Printed Pages : 15

# XIARKDD20

# 2712–C

# URDU

Time : 3 Hours]

[Maximum Marks : 100

## حصہ ''الف''

۱۔ درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس کے آخر پر دیئے گئے سوالات کے جواب لکھئے۔ ۱۰

ایک روز ایک بوڑھا اور اس کی بڑھیا، دو تین بچے چھوٹے

چھوٹے ساتھ لئے ہوئے، لکڑیاں توڑنے کے واسطے اس غار کے پاس

جہاں حاتم پوشیدہ تھا، پہنچے اور لکڑیاں اس جنگل سے چننے لگے۔ بڑھیا بولی

کہ ''اگر ہمارے دن کچھ بھلے آتے تو حاتم کو کہیں ہم دیکھ پاتے اور اس

کو پکڑ کر نوفل کے پاس لے جاتے تو وہ پان سو اشرفی دیتا اور ہم آرام سے کھاتے، اس دُکھ دھندے سے چھوٹ جاتے۔" بوڑھے نے کہا "کیا ٹرٹر کرتی ہے، ہمارے طالع میں یہی لکھا ہے کہ روز لکڑیاں توڑیں اور سر پر دھر کر بازار میں بیچیں، تب نون روٹی میسر آوے یا ایک روز جنگل سے باگھ لے جاوے لے اپنا کام کر، ہمارے ہاتھ حاتم کاہے کو آوے گا، اور بادشاہ سے اتنے روپے دلاوے گا؟ عورت نے ٹھنڈی سانس بھری اور چپکی ہو رہی۔

(الف) سوالات:

(i) بوڑھا اور بڑھیا جنگل میں کیا کرنے گئے تھے؟

(ii) غار میں کون چھپا تھا؟

(iii) بڑھیا حاتم کے بارے میں کیا کہتی تھی؟

(iv) بوڑھے نے جواب میں کیا کہا؟

(v) آخر پر بڑھیا نے کیا کیا؟

(یا)

نور خان مرحوم کنٹن جنٹ کے اول رسالے میں سپاہی بھرتی ہوئے۔ انگریزی افواج میں حیدر آباد کی کنٹن جنٹ خاص حیثیت اور امتیاز رکھتی تھی۔ ہر شخص اس میں بھرتی نہیں ہوسکتا تھا، بہت دیکھ بھال ہوتی تھی، بعض اوقات نسب نامے تک دیکھے جاتے تھے، تب کہیں جاکر ملازمت ملتی تھی۔ کوشش یہ ہوتی تھی کہ صرف شرفا اس میں بھرتی کیے جائیں۔ یہی وجہ ہے کہ کنٹن جنٹ والے عزت کی نظر سے دیکھے جاتے تھے۔ لیکن بعد میں یہ قید اٹھ گئی اور اس میں اور انگریزوں کی دوسری فوجوں میں کوئی فرق نہیں رہا۔

(ب) سوالات :

(i) نورخان کون تھا؟

(ii) انگریزی افواج میں حیدرآباد کی کنٹن جنٹ کی کیا حیثیت تھی؟

(iii) اس میں کون لوگ بھرتی کئے جاتے تھے؟

(iv) اس کنٹن جنٹ کے سپاہی کو کس نظر سے دیکھا جاتا تھا؟

(v) بعد میں کون سی قید اٹھ گئی؟

۲۔ ''ایک کہانی'' یا ''آخری قدم'' کا خلاصہ لکھئے۔ ۶

۳۔ دیئے گئے سوالات میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھئے۔ ۴

(i) پہلی بڑھیا اور گرمی کے درمیان ہوئی بات چیت کا خلاصہ لکھئے۔

(ii) ڈرامہ ''محلے کی ہولی'' کا بنیادی پیغام کیا ہے؟

(iii) نوفل نے حاتم کو پکڑنے کا جھوٹا دعویٰ کرنے والوں کو کیا سزا دی؟

(iv) سلک روٹ کی تین اہم شاخیں کن علاقوں سے گذرتی تھیں؟

۴۔ میر امن دہلوی کے حالاتِ زندگی تحریر کیجئے۔ ۵

(یا)

''انشائیہ'' پر نوٹ لکھیے۔

حصہ ''ب''

۵۔ درج ذیل اشعار میں سے صرف دو کی شاعر کے حوالے کے ساتھ تشریح کیجئے۔ ۲

(i) ہے جدائی میں زندگی مشکل

آ جدائی نہ کر خدا سوں ڈر

(ii) اس مسندِ عزت پہ کہ تو جلوہ نما ہے

کیا تاب گذر ہوئے تعقّل کے قدم کا

Turn Over

(iii) ہے ذوق تجلی بھی اسی خاک میں پنہاں

غافل! تو نرا صاحب ادراک نہیں ہے

(iv) ہوں اس کوچہ کے ہر ذرہ سے آگاہ

اُدھر سے مدتوں آیا گیا ہوں

(یا)

کسی ایک شعری بند کی تشریح نظم اور شاعر کے حوالے کے ساتھ کیجئے۔

(الف) کوئی دیکھ یہ حال رونے لگی ۔ کوئی غم سے جی اپنا کھونے لگی

کوئی بلبلاتی سی پھرنے لگی ۔ کوئی ضعف کھا کھا کے گرنے لگی

(ب) یہ دھوم دھڑا کا ساتھ لئے کیوں پھرتا ہے جنگل جنگل

اک تنکا ساتھ نہ جاوے گا موقوف ہوا جب آن اجل

گھر بار اٹاری چوباری کیا خاصہ، نین سکھ اور ململ

کیا چلمن پردے فرش نئے کیا لال پلنگ اور رنگ محل

سب ٹھاٹھ پڑا رہ جاوے گا جب لاد چلے گا بنجارا

۶۔ جگر مرادآبادی کی غزل گوئی کی خصوصیات بیان کیجئے۔ ۵

۷۔ نظم ''خاکِ ہند'' کے مرکزی خیال کی وضاحت کیجئے۔ ۴

۸۔ ''غزل'' یا ''نظم'' پر نوٹ لکھئے۔ ۴

۹۔ درج ذیل اصطلاحات میں سے دو کی مثالوں کے ساتھ تعریف لکھئے۔ ۶

(i) قافیہ۔

(ii) شاہ بیت۔

(iii) تضاد۔

(iv) مطلع۔

(v) تشبیہ۔

## حصہ ''ج''

۱۰۔ دیئے گئے عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر دوسو (۲۰۰) الفاظ کا مضمون لکھئے۔ ۱۵

(i) کشمیر جنت بے نظیر۔

(ii) گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہیں۔

(iii) بھارت کا جمہوری نظام۔

۱۱۔ اپنے دوست کو امتحان میں شاندار کامیابی حاصل کرنے پر مبارک بادی کا ایک خط لکھئے۔ ۱۰

(یا)

اپنے علاقے کی گلی کوچوں کی خستہ حالت پر ایک اخباری رپورٹ تحریر کیجئے۔

(یا)

اپنے دوست کی دُکان میں ریڈی میڈ کپڑوں کا نیا اسٹاک آیا ہے، جس کی سیل کے لئے ایک اشتہار تحریر کیجئے۔

حصہ "د"

۱۲۔ درج ذیل سوالات میں سے صرف دو سوالات کے جواب لکھئے۔ ۱۵

(i) فورٹ ولیم کالج نے اردو نثر کی ترقی میں کیا رول ادا کیا؟

(ii) انجمن پنجاب نے اُردو نظم کی ترقی میں کون سا رول ادا کیا؟

(iii) اردو زبان کی ابتداء سے متعلق کوئی مستند نظریہ بیان کیجئے۔

(iv) درج ذیل حروف کی مثالوں کے ساتھ تعریف کیجئے۔

حروف ندا۔

حروف استدراک۔

حروف تشبیہ۔

۱۳۔ Objective معروضی سوالات (ہر سوال کے ساتھ چار جوابات دیئے گئے ہیں۔

ان میں سے صحیح جواب کو چن لیجئے)

(i) میر امن دہلوی نے فورٹ ولیم کالج میں قصہ چہار درویش کا ترجمہ اردو میں کس نام سے کیا ہے؟ 1

(a) باغ و بہار۔

(b) آرائش محفل۔

(c) طوطا کہانی۔

(d) گلشن ہند۔

(ii) ''محلے کی ہولی'' کس کا لکھا ہوا ڈراما ہے؟ 1

(a) محمد حسین آزاد۔

(b) اطہر پرویز۔

(c) پریم چند۔

(d) آغا حشر کاشمیری۔

(iii) ''دعوت'' کا تعلق کس صنف ادب سے ہے؟ 1

(a) ناول۔

(b) خاکہ۔

(c) انشائیہ۔

(d) افسانہ۔

(iv) نظم ''فرضی لطیفہ'' کس شاعر کی تخلیق ہے؟ 1

(a) اقبال۔

(b) میرحسن۔

(c) اکبرالہ آبادی۔

(d) حالی۔

(v) ''مقدمہ شعر و شاعری'' کس کی تصنیف ہے؟ 1

(a) میرحسن۔

(b) حکیم منظور۔

(c) حالی۔

(d) اسرارالحق مجاز۔

(vi) چکبست کا پورا نام کیا ہے؟ 1

(a) پریم نارائن۔

(b) برج نرائن۔

(c) رام نرائن۔

(d) اودے نرائن۔

(vii) اکرم اور اسلم اسکول جا رہے ہیں۔ قواعد کے لحاظ سے جملے میں ''اور'' کیا ہے؟ 1

(a) حروف علت۔

(b) حروف عطف۔

(c) حروف تحسین۔

(d) حروف استدراک۔

(viii) وہ فعل جس میں حال اور مستقبل دونوں زمانے پائے جائیں ............

کہلاتا ہے۔ 1

(a) فعل حال۔

(b) فعل مستقبل۔

(c) فعل امر۔

(d) فعل مضارع۔

(ix) احمد دور سے تھکا ہوا آیا ہے، اسے پانی وانی پلاؤ۔ اس جملے میں گرائمر

کے لحاظ سے ''وانی'' کیا ہے؟ 1

(a) مصدر۔

(b) اضافت۔

(c) تابع مہمل۔

(d) تابع موضوع۔

(x) وہ اسم ہے جو خود تو کسی اسم سے نہ بنے، مگر اس سے دوسرے کلمے بنائے جائیں ............ کہلاتا ہے۔ 1

(a) مشتق۔

(b) جامد۔

(c) فعل۔

(d) مصدر۔